# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 25 August-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آ کا شوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 25/اگست ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

**** **** *****

::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ وزیراعظم نریندر مودی آج جلگاؤں دورے پر۔ ملک بھر کی 11/لاکھ لکھ پتی دیدیوں میں صداقت ناموں کی تقسیم۔

☆ مربوط پنشن یو پی ایس اسکیم کو مرکزی کابینہ کی منظوری۔

☆ بدلا پور کے کمسن بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی کے معاملے میں مختلف سیاسی جماعتوں کی جانب سے ریاست بھر میں احتجاجی مظاہرے۔

☆ پربھنی ضلع کے کسانوں کو تباہ شدہ سویابین فصلوں کے معاوضے کی سوا دو سو کروڑ روپے کی ادائیگی کا راستہ صاف۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ بھر میں موسلا دھا بارش، نظام زندگی متاثر۔

***** **** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیراعظم نریندر مودی آج جلگاؤں کا دورہ کر رہے ہی۔ ملک بھر کی 11/لاکھ لکھ پتی خواتین میں وزیراعظم نریندر مودی کے ہاتھوں صداقت نامے تقسیم کئے جائیں گے۔ اس موقع پر وہ سالانہ ایک لاکھ لکھ پتی خواتین میں وزیراعظم مودی کے ہاتھوں صداقت نامے تقسیم کئے جائیں گے۔ اس موقع پر وہ سالانہ ایک لاکھ روپے سے زائد آمدنی رکھنے والی لکھ پتی دیویوں سے بات چیت کریں گے۔ اس پروگرام میں وزیراعظم ریاست کے خود انحصاری گروپوں کیلئے ڈھائی ہزار روپے کے گردشی فنڈ اور 5/ہزار کروڑ روپے کے بینکوں کے فراہم کردہ قرض جاری کریں گے۔ لکھ پتی دیدی کا یہ ریاست کا پہلا تاریخی اجتماع ہوگا۔

***** **** *****

34/ریاستوں کے کم و بیش 30/ہزار مقامات سے لکھ پتی دیدی بذریعہ ٹیلی کانفرنسنگ شرکت کریں گی۔ اسی دوران وزیراعظم نریندر مودی آج آکاشوانی پر من کی بات پروگرام کے تحت عوام سے مخاطب ہونگے۔ یہ پروگرام کے تیسرے سلسلے کی تیسری قسط ہے۔ آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام چینلز پر صبح ۱۱/بجے سے یہ پروگرام نشر کیا جائیگا۔

***** **** *****

مرکزی کابینہ نے مربوط پنشن یعنی یو پی ایس اسکیم کو کل منظوری دیدی۔ مرکزی حکومت کے 23 لاکھ افسران و ملازمین اس اسکیم سے مستفید ہونگے۔ ریاستی حکومت کے اہلکار اگر اس میں شامل ہو جاتے ہیں تو یہ تعداد 90 لاکھ سے بھی زیادہ ہو جائیگی۔ وزیر اطلاعات و

نشریات اشوینی ویشنو نے کل کابینی اجلاس کے بعد اخباری نمائندوں کو یہ اطلاع دی۔اس اسکیم کے تحت افسران ملازمین کو گذشتہ ۱۲/ماہ کی تنخواہ کا تنصب پنشن کے طور پر ملے گا۔لیکن اس کے لئے انہیں کم از کم ۲۵/برس بر سر خدمات رہنا ہوگا۔کم از کم ۱۰/سال تک خدمات انجام دینے والوں کو کم از کم ۱۰/ہزار روپئے وظیفہ ملے گا۔متعلقہ افسران وملازمین کی موت کی صورت میں اس کے خاندان کو بنیادی تنخواہ کا ۶۰/فیصد بطور وظیفہ ادا کیا جائیگا۔آئندہ مالی سال سے یہ نئی پنشن اسکیم لاگو ہوگی۔

***** **** *****

وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے تیقن دیا ہے کہ ریاست کی آخری خاتون کی درخواست دہی تک مکھیہ منتری ماجھی لاڈکی بہن اسکیم کے لئے رجسٹریشن جاری رکھا جائیگا۔وہ کل ایوت محل میں لاڈکی بہن اسکیم کے تکمیل وعدہ پروگرام سے خطاب کر رہے تھے۔وزیراعلیٰ نے بتایا کہ اس اسکیم کے لئے اب تک ایک کروڑ 40 لاکھ خواتین نے اندراج کروایا ہے۔اور ایک ایک کروڑ 7 لاکھ خواتین کے کھاتوں میں اسکیم کی رقم جمع ہو چکی ہے۔

***** **** *****

بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی کے واقعات کی مذمت میں کل مختلف سیاسی جماعتوں کی جانب سے ریاست بھر میں مظاہرے کئے گئے۔تھانہ میں کانگریس کے ریاستی صدر ناناپٹولے کی قیادت میں خاموش مظاہرہ کیا گیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ حکومت اور انتظامیہ کی گرفت نہ ہونے کے باعث اس طرح کے واقعات رونما ہوتے ہیں۔اور وزیراعظم اور وزیر داخلہ سے استعفوں کا مطالبہ کیا۔لیجیسلیٹر پارٹی کے قائد باڑاصاحب تھورات نے سنگم نیر میں اور قائد حزب اختلاف وجئے وڈیٹی وار نے ناگپور میں مظاہروں میں شرکت کی۔

باڑاصاحب تھورات نے ریاست میں امن وامان کی صورتحال تباہ ہونے کا الزام عائد کرتے ہوئے ریاست میں صدر راج نافذ کرنے کا مطالبہ کیا۔ممبئی کے دادر میں شیوسینا بھون کے روبرو شیوسینا ادھو باڑاصاحب ٹھاکرے پارٹی کی جانب سے مظاہرے کئے گئے۔

پونا میں راشٹروادی شرد چندر پوار پارٹی نے سیاہ فیتے باندھ کر زوردار بارش میں احتجاجی مظاہرہ کیا۔اس موقع پر پارٹی صدر شرد پوار اور رکن پارلیمنٹ سپریا سڑے نے حکومت پر سخت نکتہ چینی کی۔

***** **** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے کرانتی چوک میں قانون ساز کونسل کے قائد حزب اختلاف امباداس دانوے کی زیر قیادت منہ پر سیاہ پٹیاں باندھ کر مظاہرہ کیا گیا۔جالنہ میں شہر کے گاندھی چمن چوک میں مہاوکاس آگھاڑی کی جانب سے مذہبی مظاہرہ کیا گیا۔بھوکردن،منٹھا،جعفرآباد اور بدناپور میں بھی مہاوکاس آگھاڑی کے عہدیداروں نے سیاہ پٹیاں باندھ کر بدلاپور واردات کے خاطیوں کو سخت سزا دیئے جانے کا مطالبہ کیا۔

بیڑ میں رکن اسمبلی سندیپ شیرساگر کی قیادت میں ضلع کلکٹر دفتر کے سامنے مذہبی مظاہرہ کیا گیا۔

**** **** *****

دریں اثناء بی جے پی کی جانب سے بھی کل بدلاپور واقعے کی مذمت مین کل ریاست بھر میں ''بیداری آ گہی کی'' کے عنوان پر مہم چلائی گئی۔ پارٹی کے ریاستی صدر چندر شیکھر باون کڑے نے امراوتی میں ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کے مجسمے پر خراج عقیدت پیش کرنے کے بعد خاموشی اختیار کی۔ ممبئی، امراوتی، چھترپتی سمبھاجی نگر اور دیگر مقامات پر بی جے پی کارکنوں نے بڑی تعداد میں اس آندولن میں حصہ لیا۔

***** **** *****

نیپال میں ہوئے بس حادثے میں ہلاک ہونے والے 25 افراد کی لاشیں کل جلگاؤں ہوائی اڈے پر فضائیہ کے خصوصی طیارے کے ذریعے لائی گئیں۔ بعدازاں تمام سرکاری عمل کی تکمیل کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئیں۔ مرکزی وزیر برائے کھیل اور نوجوانوں کی فلاح و بہبود، رکشا کھڑسے، دیہی ترقیات کے وزیر گریش مہاجن، رابطہ وزیر گلاب راؤ پاٹل، امداد و باز آبادکاری کے وزیر انیل پاٹل سمیت دیگر عوامی نمائندے اور انتظامی افسران اس موقع پر موجود تھے۔

***** **** *****

مرکزی مملکتی وزیر برائے فوڈ پروسیسنگ و ریلوے رونیت سنگھ آج ناندیڑ کا دورہ کررہے ہیں۔ صبح ۱۱ر بجے وہ سچکھنڈ گرودوارے کا دورہ کریں گے۔ دوپہر بارہ بجے وہ ناندیڑ ریلوے اسٹیشن پر خصوصی ٹرین کو ہری جھنڈی دکھائیں گے۔ دوپہر ڈھائی بجے ڈویژنل ریلوے دفتر میں اعلیٰ افسران کے اجلاس میں شرکت کے بعد شام میں وہ حیدرآباد کے لئے روانہ ہوجائیں گے۔

***** **** *****

پربھنی ضلع کے کم و بیش دو لاکھ کسانوں کی تباہ شدہ سویابین فصلوں کے بیمے کے سوا دو سو کروڑ روپئے کی ادائیگی کا راستہ صاف ہوگیا ہے۔ مرکزی تکنیکی صلاح کار کمیٹی کے متعلقہ بیمہ کمپنی کو اندرون ایک ہفتہ بیمے کی رقم متاثرین کے حوالے کرنے کا حکم دیا ہے۔ مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے 12 راگست کو دورہ پربھنی کے دوران کسانوں کی شکایات سنی تھیں۔ جس کے دوسرے دن اس خصوص میں زراعت و کاشتکار محکمے نے مرکزی تکنیکی صلاح کار کمیٹی کا اجلاس طلب کیا تھا۔ اور بیمہ کمپنی کو اندرون ایک ہفتہ بیمہ رقم کی ادائیگی کی ہدایت کی تھی۔

***** **** *****

مراٹھواڑہ میں کل تمام ہی مقامات پر موسلادھار بارش ہوئی۔ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں کل دن بھر وقفے وقفے سے بارشوں کا سلسلہ جاری ہے۔ ضلع کے پاچوڑ، لاڈ گاؤں، اڈوڑ مندلوں میں نہایت شدید بارش ریکارڈ کی گئی۔ اس بارش کے باعث پیٹھن تعلقے کے گڈے ٹھان میں واقع مجردرا تالاب کی سطح آب میں اضافہ ہوا ہے۔ عالمی شہرت یافتہ ایلورہ سینا نیانی آبشار کو دیکھنے کیلئے کل سیاحوں کا ہجوم دیکھا گیا۔ اس شاہراہ پر کل کچھ وقفے کے لئے ٹریفک نظام میں بھی خلل پڑا۔

***** **** *****

بیڑضلع کے بیڑ تعلقے کے پالی۔نلاونڈی پاٹودہ، لمباگنیش ، پاٹودہ، گیورائی، ماجلگاؤں کیج پرلی۔اور وڈونی تعلقوں میں شدید برسات ہوئی۔دھاراشیوضلع کے کلمب اورناندیڑضلع کے ناندیڑمکھیڑاورکندھارمیں زوردار بارش ریکارڈ کی گئی۔پربھنی ضلع میں بھی پاتھری ،سون پیٹ، مانوت اورہنگولی ضلع کے بسمت اورٹیمبھورنی میں نہایت تیز بارش ہوئی۔ناندیڑضلع کےلمب گاؤں میں سب سے زیادہ 116 اعشاریہ پانچ صفرملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔

***** ***** *****

ناندیڑمیں وشنوپوری ڈیم 98 فیصد بھر چکا ہے۔اس پروجیکٹ کے دودروازے کل شام کھول دیئے گئے۔جس سے گوداوری ندی کے کناروں پرواقع بستیوں کوخبردار رہنے کا اشارہ دے دیا گیا ہے۔مراٹھواڑہ میں آئندہ 5/ستمبر تک بارش کا زورقائم رہنے کا امکان پربھنی کی وسنت راؤ نائیک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی نے ظاہر کیا ہے۔

***** ***** *****

جالنہ کے گج کیسری اسٹیل کمپنی میں ہوئے زوردار دھماکے میں 34 ملازمین زخمی ہوگئے ہیں۔کل دوپہر یہ حادثہ پیش آیا۔ان میں سے 15 معمولی زخمیوں کوابتدائی طبی امداد کے بعد گھر جانے کی اجازت دیدی گئی۔12/ملازمین کو جالنہ میں اورسات شدید جھلسے ہوئے ملازمین کوچھترپتی سمبھاجی نگر کے اسپتال میں داخل کیا گیا ہے۔اس سلسلے میں کمپنی کے مالک سمیت تین افراد کے خلاف چندن جھیرا پولس اسٹیشن میں مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔

**** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆وزیراعظم نریندرمودی آج جلگاؤں دورے پر۔ملک بھرکی 11/لاکھ لکھ پتی دیدیوں میں صداقت ناموں کی تقسیم۔

☆مربوط پنشن یوپی ایس اسکیم کومرکزی کابینہ کی منظوری۔

☆بدلاپور کے کمسن بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی کے معاملے میں مختلف سیاسی جماعتوں کی جانب سے ریاست بھرمیں احتجاجی مظاہرے۔

☆پربھنی ضلع کے کسانوں کوتباہ شدہ سویابین فصلوں کے معاوضے کی سوادوسوکروڑروپئے کی ادائیگی کا راستہ صاف۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ بھرمیں موسلادھابارش، نظام زندگی متاثر۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کوآپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پردوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****